## سوال

(796) کھڑے ہوکر جوتے پہننے سے ممانعت والی روایات

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کھڑے ہوکر جوتے پہننے سے ممانعت والی روایات کیا قابل عمل نہیں ہیں؟ اگر نہیں تو وجہ ضعف لکھیں۔ اور معترضین کے اعتراضات کا بھی جواب دیں۔ جن میں ایک اعتراض یہ ہے کہ ان روایتوں میں مدلس راوی ہیں۔ لہٰذا یہ قابل عمل نہیں ہیں وغیرہ وغیرہ۔ (محمد ابراہیم محمدی ، سیالکوٹ)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

شیخ البانی اس حدیث کی تخریج کے بعد ''سلسلۃ الأحادیث الصحیحۃ'' (۲،۳۵۰) میں لکھتے ہیں: ''وخلاصۃ القول أن الحدیث بمجموع طرقہ صحیح بلاریب۔'' سید محب اللہ شاہ صاحب راشدی کا حافظ زبیر علی زئی صاحب سے مکالمہ ''الاعتصام'' میں شائع ہوتا رہا ہے، جس میں شاہ صاحب راشدی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔ ۲۷،۲،۱۴۲۲ھ

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

**جلد02ص773**

محدث فتویٰ